# PROSPECTUS

# تعارف









www.iqratrust.edu.pk

Iqra Rauzatul Atfal Trust

## اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ

REGULATION ضوابط

INFORMATION معلومات

INSTRUCTION ہدایات

# روضہ (ب) سے یونیورسٹی تک تعلیم

IQRA HUFFAZ SECONDARY SCHOOLS

# ADMISSIONS OPEN

★ شعبہ روضہ ★ شعبہ قاعدہ ★ شعبہ حفظ ★ پریپ ششم

**دینی وعصری تعلیم کا حسین امتزاج اور اپنی نوعیت کا بانی ادارہ**

## Class 6th to Matriculation

IQRA HUFFAZ DEGREE COLLEGE FOR GIRLS

### INTERMEDIATE

- ★ FSC
- ★ ICS
- ★ FA(IT)
- ★ FA

### AD PROGRAMS

- ★ AD English Studies
- ★ AD Islamic Studies
- ★ AD Computer Science

★ Fiqa / Hadith / Tafseer ★ Culinary Skills ★ Spoken English ★ Personality Grooming

**Affiliation With Universities**

غیر حافظہ طالبات بھی داخلہ لے سکتی ہیں۔

# اقرأ روضۃ الأطفال ٹرسٹ | قائم شدہ: ۳ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ بمطابق 4 اپریل 1984ء کراچی

## بانی و اول صدر
شیخ الحدیث و مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ
۳ رجب ۱۴۰۴ھ تا ۲ رمضان ۱۴۱۵ھ — 04-04-1984 تا 03-02-1995

## صدرِ دوم
حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ
۱۸ رمضان ۱۴۱۵ھ تا ۱۳ صفر ۱۴۲۱ھ — 17-02-1995 تا 18-05-2000

## صدرِ سوم
حضرت سید انور حسین نفیس شاہ الحسینی رحمۃ اللہ علیہ
۲۳ صفر ۱۴۲۱ھ تا ۲۶ محرم ۱۴۲۹ھ — 28-05-2000 تا 05-02-2008

## صدر چہارم
شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد المجید لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ
۱۸ ربیع الاول ۱۴۲۹ھ تا 11 ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ — 27-03-2008 تا 01-02-2015

## صدر پنجم
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر رحمۃ اللہ علیہ
۹ ذیقعدہ ۱۴۳۶ھ تا ۱۹ ذیقعدہ ۱۴۴۲ھ — 24-08-2015 تا 30-06-2021

## سرپرست
شیخ الاسلام حضرت مفتی محمد تقی عثمانی مُدَظِلُّہُ العَالِی (صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)
حضرت مولانا حافظ ناصر الدین خاکوانی مُدَظِلُّہُ العَالِی (امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت)
حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد مُدَظِلُّہُ العَالِی (سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ)

## موجودہ صدر
پیر طریقت حضرت ڈاکٹر عبد السلام مُدَظِلُّہُ العَالِی
۲۷ محرم ۱۴۴۳ھ — 05-09-2021

## بانی و نائب مدیر
- حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خان شہید رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت مولانا مفتی مزمل حسین کاپڑیا رحمۃ اللہ علیہ

## اراکین ٹرسٹ
- مفتی خالد محمود
- مفتی محمد بن جمیل
- محترمہ زاہدہ مزمل
- ڈاکٹر عبد الباری خان
- مولانا محمد ثانی
- حافظ عبد اللہ خالد

## اعزازی ٹرسٹی
- جناب محمد یونس بنگالی
- جناب میاں محمد احسن
- جناب حاجی محمد صدیق

# اغراض و مقاصد

- دینی تعلیم و تربیت کے ذریعہ مسلمانوں اور ان کے بچوں کو سچا مسلمان بنانا۔
- دینی و عصری تعلیم سے آراستہ کر کے مسلمان بچوں کو پاکستان کا وفادار اور مفید شہری بنانا۔
- کتاب و سنت کی راہنمائی میں اسلام کی اصل روح کے ساتھ تبلیغ و اشاعت کا فریضہ انجام دینا۔
- مسلمان بچوں کے لیے نرسری اور کے.جی سے کالج و یونیورسٹی تک تعلیم کا بندوبست کرنا۔
- حفظ قرآن کریم کو اپنی تعلیم کی بنیاد بناتے ہوئے جدید خطوط پر حفظ قرآن کریم کی تعلیم کا اہتمام کرنا۔
- حفظ قرآن کریم کے بعد حافظ بچوں/بچیوں کے لیے عصری تعلیم کا معیاری انتظام کرنا۔
- عربی، اردو اور انگریزی زبانوں کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تینوں زبانوں سے متعلمین کو مانوس کرانا۔
- ہر طالب علم کو مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی قدروں سے مانوس و متعارف کراتے ہوئے ایک سچا مسلمان بنانا۔
- بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کے لیے معلمین و معلمات کی تربیت کا اہتمام کرنا۔
- اسلام کی اشاعت کے لیے دینی اجتماعات اور علمی مذاکروں کا اہتمام کرنا۔
- مسلک و فرقہ سے بالاتر ہو کر طلباء و طالبات کو تعلیم کے ایسے مربوط نظام سے وابستہ کرنا جس سے اُخوت و بھائی چارہ کا ماحول پیدا ہو۔



## ہمارا عزم

**حفظ قرآن**

کی دولت تمام مسلمان گھرانوں تک پہنچانا

حافظ قرآن بچوں اور بچیوں کے لیے

اخلاق و اعمال کی اصلاح کے ساتھ ساتھ

جدید عصری تعلیم اور دینی تعلیم کا معیاری انتظام کرنا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جب دنیا جہالت کی تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی تھی، شرک کی آندھیاں توحید کا چراغ گل کرچکی تھیں اور انسانیت کا ضمیر اس روشنی سے محروم ہو چکا تھا جو اسے حق و باطل اور اچھائی و برائی میں تمیز کرنا سکھائے، اس وقت بت کدۂ شرک و جہالت میں علم وتوحید کی پہلی کرن غارِ حرا سے نمودار ہوئی، قرآن اور صاحبِ قرآن، حضرت محمد ﷺ کی صدائے اقرأ بلند ہوئی اور وحی الٰہی قرآن کریم کی اِبتدائی آیات نازل ہوئیں:

”اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ O خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ O اِقۡرَاۡ وَرَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ O الَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ O عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَالَمۡ یَعۡلَمۡ O“۔

ان آیات میں لفظ ” اِقۡرَاۡ “ کے ذریعے پڑھنے پڑھانے، لفظ ”عَلَّمَ“ کے ذریعہ سیکھنے سکھانے اور لفظ ” اَلۡقَلَمِ “ کے ذریعے لکھنے لکھانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

جب تاریکی کے بادل چھٹے اور علم کی روشنی چہار سو پھیلی تو لوگوں کے ذہنوں کو جلا ملی، دل و دماغ نورِ علم سے منور ہوئے اور تاریخ نے دیکھا کہ اُمت مسلمہ کے ننھے منے بچوں نے تمام علوم کے نچوڑ اور خلاصہ، قرآن کریم کو اپنے سینوں میں محفوظ کرلیا۔ اُمت مسلمہ مجموعی طور پر اور اُمت کا ہر حافظِ قرآن بچہ اور اس کے والدین اس حفظ قرآن کی دولت پر بجا طور پر فخر کرسکتے ہیں۔

## حفظ قرآن کی عظمت

حفظ قرآن کی عظمت سے کون واقف نہیں اور اس کی اہمیت سے کون انکار کرسکتا ہے؟ حدیث نبوی ﷺ میں تعلیم قرآن کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا گیا:

”تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔“

## ایک اور حدیث کے مطابق

”حافظِ قرآن کے والدین کو قیامت کے روز ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے زیادہ ہوگی۔“

اسی لیے مسلمانوں میں ہمیشہ سے بچوں کو قرآن مجید حفظ کرانے کا بہت زیادہ خیال رکھا گیا ہے۔

## جدید سہولتوں سے مزین ”اِقرأ روضۃ الأطفال ٹرسٹ“

موجودہ دور میں دنیوی تعلیم کے لیے بہت زیادہ اہتمام کیا جانے لگا ہے اور نت نئے طریقے ایجاد کر کے لوگوں کو اس تعلیم کی طرف راغب کیا جا رہا ہے۔ اس لیے ضرورت اس بات کی تھی کہ قرآن کریم حفظ کرنے والے بچوں کو بھی ایسی سہولتیں مہیّا کی جائیں جن سے بچوں کے والدین اس طرف راغب ہوں اور ان میں اپنے بچوں کو حفظ کرانے کا شوق پیدا ہو، قرآن کریم حفظ کرنے والا بچہ یا بچی احساس محرومی اور احساس کمتری کا شکار نہ ہو اور اُس کی اعلیٰ کارکردگی اس کی اپنی شناخت ہو۔ اسی ضرورت کے پیش نظر شرعی اُصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید سہولتوں سے مزین ”اِقرأ روضۃ الأطفال“ کا قیام عمل میں آیا اور بزرگوں کی دعاؤں سے ۳ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ بمطابق 4 اپریل 1984ء کو اس ادارے کا آغاز ہوا۔

# نمایاں خصوصیات



- پاکستان میں اسلامی بنیادوں پر پہلا قبل از ابتدائی تعلیم Pre-Primary Education کا ادارہ
- حفظ قرآن کریم کی تعلیم کے لیے جدید خطوط پر محنت اور خصوصی توجہ
- حفظ قرآن کے بعد میٹرک اور اس کے بعد کے مراحل تک تعلیم کا انتظام (شرائط لاگو ہوں گی)
- علماءِ کرام کی نگرانی میں اخلاقی تربیت کا خصوصی اہتمام
- مار پیٹ سے پاک ترغیبی ماحول
- کمپیوٹر اور جدید تعلیمی وسائل کے ذریعے تعلیم و تربیت کا انتظام
- پروقار اور دیدہ زیب یونیفارم
- کشادہ اور مزین خوشنما درسگاہیں
- آمدورفت کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام (بشرطِ امکان)
- دلکش ماحول میں بااخلاق عملہ
- جائزہ و امتحان کا مضبوط و مربوط نظام
- علماءِ کرام و مشائخ عظام کی سرپرستی
- کراچی سے پشاور بشمول شمالی علاقہ جات شاخوں کا مربوط سلسلہ

# نظام تعلیم

## اِقرأ روضۃ الأطفال ٹرسٹ

کے نظام تعلیم کو درج ذیل پانچ مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | شعبہ روضہ، شعبہ قاعدہ<br>شعبہ ناظرہ وحفظ ابتدائی | اوقات تعلیم: یومیہ پانچ گھنٹے/ چھ گھنٹے<br>(ایک سال روضہ، دوسرا سال قاعدہ/ ناظرہ، تیسرا سال ناظرہ مع حفظ تین پارے) | کل مدت: تین سال |
| دوسرا مرحلہ | حفظ کل وقتی (مع گردان) | اوقات تعلیم: یومیہ ساڑھے آٹھ گھنٹے (مع وقفہ ایک تا ڈیڑھ گھنٹہ)<br>(پہلا سال ۷/ پارے، دوسرا سال ۱۰/ پارے، تیسرا سال بقیہ پارے مع گردان) | کل مدت: تین سال |
| تیسرا مرحلہ | P-VI (کلاس I تا VI پرائمری کی تکمیل) | اوقاتِ تعلیم: یومیہ چھ گھنٹے<br>اقرأ کے مرتب کردہ خصوصی نصاب کی مدد سے سیکنڈری اسکول کے لیے تیاری مع گردان | کل مدت: ایک سال |
| چوتھا مرحلہ | سیکنڈری اسکول | اوقات تعلیم: یومیہ چھ گھنٹے<br>(ششم تا میٹرک، انگلش، اردو اور عربی میڈیم) | کل مدت: پانچ سال |
| پانچواں مرحلہ | انٹرمیڈیٹ/ ڈگری کالج | اوقات تعلیم: یومیہ چھ گھنٹے<br>پری میڈیکل/ پری انجینئرنگ/ جنرل سائنس/ کامرس/ ہیومینیٹیز | کل مدت: دو سال |
| خصوصی شعبہ | اقرأ معہد الحفاظ | اوقات تعلیم: یومیہ چھ گھنٹے<br>(آٹھویں جماعت کے بعد درس نظامی مع گریجویشن) | کل مدت: آٹھ سال |
| | اقرأ معہد الحافظات | اوقات تعلیم: یومیہ چھ گھنٹے<br>(آٹھویں جماعت کے بعد درس نظامی مع گریجویشن) | کل مدت: چھ سال |

# شعبہ جات

## شعبہ روضہ

- اس شعبہ میں زیرِ تعلیم بچوں اور بچیوں کو درج ذیل مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے:

اسلامیات | اخلاقیات | عربی | اردو | انگلش

- بیشتر کام زبانی ہوتا ہے، تاہم مختلف تعلیمی ساز وسامان (Educational Apparatus) اور چارٹس سے بھی حسب ضرورت مدد لی جاتی ہے۔
- اس شعبہ میں حروف (انگریزی، اردو) اور ہندسوں کی شناخت کے ساتھ ساتھ انہیں لکھنے کی مشق بھی کرائی جاتی ہے۔
- اس شعبہ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ چھوٹی عمر ہی سے بچوں کو ان کی استعداد کے مطابق تعلیم دی جائے اور ساتھ ساتھ انہیں ذہنی طور پر حفظ قرآن کریم کے لیے بھی تیار کیا جائے۔
- مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے اقرأ کا اپنا مرتب کردہ کتب وخوشخطی کا سلسلہ بطور نصاب رائج ہے۔
- اگلے درجہ میں ترقی کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم نے سالانہ امتحان میں کم ازکم 75% نمبر حاصل کیے ہوں اور آغازِ قاعدہ میں کوئی غیر معمولی رکاوٹ نہ ہو۔

## شعبہ قاعدہ

- قاعدہ حفظ قرآن کی بنیاد ہے، اس لیے اس شعبہ میں قاعدہ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔
- قاعدہ اس طرح پڑھایا جاتا ہے کہ حروف واعراب کی شناخت کے ساتھ ساتھ ہجہ، رواں اور وقف پر عبور حاصل ہوجائے۔ نیز تجوید (صحیح ادائیگی اور معروف طریقہ) کے مطابق قرآنی حروف والفاظ کو پڑھنا آجائے۔
- جب تک مطلوبہ معیار کے مطابق قاعدہ کی تکمیل نہ ہوجائے، اس وقت تک ناظرہ شروع نہیں کرایا جاتا۔
- تکمیلِ قاعدہ کے بعد ناظرہ کی ابتدائی مشق بھی کروائی جاتی ہے؛ البتہ باضابطہ ناظرہ پڑھانے کا اہتمام حفظ کے آغاز سے قبل شعبہ حفظ میں کیا جاتا ہے۔ جب تک درست ناظرہ پڑھنے کی صلاحیت پیدا نہ ہوجائے، بچہ / بچی کے حفظ کا آغاز نہیں ہوتا ہے۔
- تدریسِ قاعدہ کے ساتھ ساتھ اقرا قاعدہ خوشخطی کی مشق بھی کروائی جاتی ہے تاکہ شناخت مزید بہتر ہوسکے۔
- اس شعبہ میں قاعدہ کے ساتھ ساتھ کلمہ ودعاء اور عقائد ومعلومات پر مشتمل اسلامیات بھی پڑھائی جاتی ہے۔

# شعبہ حفظ

## TOTAL HUFFAZ
## 108,744
## IN ALL OVER PAKISTAN




- قاعدہ اور ناظرہ مکمل کرنے اور کلمہ و دعا وغیرہ کی تکمیل کے بعد حفظ قرآن کریم کی تعلیم شروع ہوتی ہے۔ ناظرہ سمیت حفظِ قرآن کریم کی تکمیل اوسطاً 4 سال میں ہوتی ہے، تاہم یہ مدت حتمی نہیں، اس سے کم مدت میں بھی قرآن مجید حفظ کیا جاسکتا ہے اور بعض اوقات زیادہ وقت بھی لگ جاتا ہے۔ لیکن کوشش یہی ہوتی ہے کہ کم سے کم وقت میں حفظ کی تکمیل ہو جائے اور اس مقصد کے لیے 4 سال سے زائد مدت صرف نہ ہو۔
- حفظ قرآن کے ساتھ اسلامیات (عقائد، اخلاقیات، مسائل اور دعاؤں) کی تعلیم کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

**حفظ کی تکمیل اور اسلامیات کی تعلیم کی مرحلہ وار تقسیم درج ذیل ہے:**

| | | |
|---|---|---|
| پہلا سال | تین پاروں کی تکمیل | اسلامیات حصّہ اوّل |
| دوسرا سال | مزید سات پاروں کی تکمیل | اسلامیات حصّہ دوم |
| تیسرا سال | مزید دس پاروں کی تکمیل | اسلامیات حصّہ سوم |
| چوتھا سال | بقیہ پاروں کی تکمیل مع گردان | اسلامیات حصّہ چہارم |

- مذکورہ ترتیب اوسط ذہن کو سامنے رکھ کر بنائی گئی ہے۔ بالفرض اگر آپ کے بچہ/بچی کی سالانہ خواندگی مذکورہ بالا مقدار سے کم ہوئی ہو تو فی الفور ناظم تعلیمات صاحب سے رابطہ کر کے تفصیلی مشورہ فرمائیں۔

**چونکہ حفظ قرآن کریم کا عمل مکمل ذہنی یکسوئی اور فراغت کا تقاضا کرتا ہے، اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ:**

- اپنے بچے/بچی کو دوران حفظ، قرآن کریم کے علاوہ کچھ بھی، کسی بھی طریقہ سے پڑھانے کی زحمت نہ فرمائیں۔ تجربہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ ایسا کوئی بھی اقدام حفظ کے لیے قطعاً مناسب نہیں، بلکہ سراسر نقصان دہ ہے۔
- اس بات کی بھی نگرانی رکھیں کہ بچہ/بچی بلاناغہ روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ مکمل دلچسپی کے ساتھ گھر پر بھی قرآن (سبق/سبقی/منزل) پڑھا کرے۔
- طویل تعطیلات کے دوران بھی خاص اہتمام فرمائیں کہ بچہ/بچی گھر پر قرآن کریم کی دہرائی پابندی کے ساتھ کرے؛ تاکہ بھولنے سے محفوظ رہے۔
- قرآن کریم یاد کرنے سے زیادہ یاد رکھنا ضروری ہے اور یاد رکھنے کے لیے بلاناغہ دہرائی اور تاحیات اس کی بھرپور نگہداشت لازم ہے۔

# عصری تعلیم

- اقرا کا بنیادی ہدف حفظِ قرآن کریم ہے۔ تکمیلِ حفظ کے بعد اپنے حفاظ وحافظات کی ابتدائی عصری تعلیم (PRIMARY EDUCATION) کے لیے منزل کی پختگی اور دہرائی کے ساتھ ایک سالہ عصری تعلیم کا نصاب مرتب کیا گیا ہے، جو پورے ملک میں کامیابی کے ساتھ رائج ہے۔ اس ایک سالہ نصاب (P-VI) کی کامیاب تکمیل کے بعد حافظ بچہ / بچی درجہ ششم میں داخلہ کے قابل ہو جاتا ہے۔

**واضح رہے کہ صرف اُن حفاظ بچوں/بچیوں کو P-VI میں داخلہ دیا جاتا ہے جو عمر اور منزل کی پختگی کے اعتبار سے ادارہ کے مطلوبہ معیار پر پورا اترتے ہوں۔**

- چوں کہ اِقْرَأْ رَوْضَۃُ الْأَطْفَال کے نظامِ تعلیم میں اسکول کی تعلیم کا آغاز حفظ قرآن کریم کی تکمیل کے بعد ہوتا ہے، اس لیے حفظ کے ساتھ عصری تعلیم کا اہتمام نہیں کیا جاتا؛ کیوں کہ تجربہ سے ثابت ہے کہ حفظ قرآن کریم کے ساتھ دوسری کوئی بھی تعلیم کامیاب نہیں ہے، نہ حفظ پختہ ہوتا ہے اور نہ دوسری تعلیم معیاری ہوتی ہے۔
- حفظ کے بعد بھی عصری تعلیم کا اہتمام اسی صورت میں کیا جاتا ہے جب اتنے بچے/ بچیاں تکمیلِ حفظ کے بعد P-VI میں داخلہ کے اہل ہوں جن کی باقاعدہ کلاس بن سکے۔
- اگرچہ اِقْرَأْ رَوْضَۃُ الْأَطْفَال نے عصری تعلیم کے لیے پرائمری (P-VI) سے گریجویشن تک ایک مربوط نظام تعلیم تشکیل دیا ہے جو کامیابی کے ساتھ جاری ہے، لیکن ضروری نہیں کہ ہر علاقہ اور ہر شاخ میں یہ مکمل نظام اسی طرح موجود ہو اور وہاں ہر سطح کی تعلیم کا بندوبست بھی ہو؛ کیونکہ ہر باشعور شخص جانتا اور سمجھتا ہے کہ کسی بھی سطح پر تعلیم کا انتظام کرنے کے لیے جذبہ کے ساتھ ساتھ طلباء وطالبات کی کم از کم ایک مناسب تعداد، اساتذہ ومعلمات اور عمارت ومتعلقہ ضروریات کی دستیابی بھی ضروری ہوتی ہے، جو بعض اوقات بعض مقامات پر میسر نہیں ہوتے۔

**نوٹ**

اقرأ حفاظ سیکنڈری اسکول اور اقرأ حفاظ کالج دو مستقل علیحدہ شعبے ہیں، لہٰذا عصری تعلیم کے حوالہ سے تفصیلی معلومات کے لیے متعلقہ شعبے سے رجوع کیا جائے اور ان کا تعارف نامہ حاصل کیا جائے۔ آپ کے ہاتھ میں موجود یہ تعارف اقرأ کے صرف پہلے اور دوسرے مرحلہ کے لیے ہے۔

## BOARD & UNIVERSITY POSITIONS

### KARACHI INTER MAHAD GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2nd | Inshara Amin | 85.09% | A+ |
| 3rd | Syeda Khizra Amir | 84.91% | A+ |

### LAHORE MATRIC MAHAD GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3rd | Zainab Bint E Asim Butt | 95.08% | A+ |

### PESHAWAR INTER MAHAD GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3rd | Kainat Hameed | 88.83% | A+ |

### RAWALPINDI MATRIC BOARD

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3rd | Naima Farooqui | 90.58% | A+ |

### KARACHI UNIVERSITY MAHAD GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1st | Laraib Mehmood | 84.1% | A+ |
| 2nd | Afra | 83.8% | A+ |
| 3rd | Unzeela | 82% | A+ |

### KARACHI UNIVERSITY MAHAD GROUP

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1st | Noor Ul Haram | 84% | A+ |
| 2nd | Roshan Arif | 82.6% | A+ |
| 3rd | Hadia Shakeel | 81.8% | A+ |

# داخلے کے لیے شرائط وضوابط

اقرأ کا نظام ونصاب تعلیم ماہرین تعلیم و بزرگانِ دین کی مشاورت ورہنمائی میں مرتب کیا گیا ہے، جس میں تجربات کی روشنی میں حسبِ ضرورت وقتاً فوقتاً ترمیم بھی کی جاتی ہے۔ لہٰذا:

داخلہ بچے/ بچی کی صلاحیتوں اور مستقبل میں ضبط قرآن کریم کے امکانات کو مدنظر رکھ کر دیا جاتا ہے۔

اِقرأ رَوضۃُ الأطفال میں صرف وہی بچے اور بچیاں داخلہ پاسکتے ہیں جو حفظ قرآن کریم کا ارادہ رکھتے ہوں، نیز اقرأ کے نظام تعلیم اور اُصول وضوابط کی مکمل پاسداری کا عزم رکھتے ہوں۔

براہ راست داخلہ صرف شعبہ روضہ یا شعبہ قاعدہ میں دیا جاتا ہے، بشرطیکہ کوئی امر مانع نہ ہو اور بچے/ بچی کی عمر بوقت داخلہ مقررہ حد (چار سال تا پانچ سال) سے کم یا زیادہ نہ ہو۔

ہرسال داخلے نہیں ہوتے، گنجائش اور ضرورت کو دیکھتے ہوئے ہر سال دسمبر میں آئندہ سال کے لیے داخلہ پالیسی کا اعلان کیا جاتا ہے اور اس میں داخلہ کے طریقۂ کار کی تفصیلات بھی بتادی جاتی ہیں۔

داخلہ سے قبل بچے/بچی کی صلاحیت اور استعداد کا اندازہ لگانے کے لیے ایک معمولی امتحان (TEST) لیا جاتا ہے۔

داخلہ کے لیے بچے/بچی کا اس ٹیسٹ میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔

انٹرویو کے بعد جب تک فیس جمع نہ کرادی جائے، داخلہ حتمی تصور نہیں ہوتا۔ یاد رہے کہ داخلہ کی منظوری کے فوراً بعد فیس جمع کرانی ہوتی ہے۔

واضح رہے کہ ابتدائی طور پر دیا جانے والا داخلہ اور اس مد میں وصول کردہ فیس صرف پہلے اور دوسرے مرحلے کے لیے کارآمد ہے۔ شعبہ سکول میں داخلہ کے لئے الگ فیس وصول کی جائے گی۔ پہلا مرحلہ کامیابی سے بروقت مکمل کرنے کے بعد دوسرے مرحلے (حفظ کل وقتی) میں ترقی کے لیے کارروائی ازسرنو کی جائے گی اور ترقی صرف انہی بچوں/بچیوں کو دی جائے گی جو پہلا مرحلہ مقررہ مقدارِ خواندگی اور مطلوبہ معیار کے ساتھ مکمل کر چکے ہوں بصورتِ دیگر انہیں مزید پڑھانے سے معذرت کر لی جائے گی۔

واضح رہے کہ تیسرے مرحلہ (حفظ گردان مع P-VI) میں داخلہ کے وقت داخلہ کی کارروائی بھی ازسرنو ہوگی اور اس کے لیے داخلہ، سالانہ اور ماہانہ فیس اُس وقت کی شرح فیس کے مطابق وصول کی جائے گی جو سابقہ شرح فیس سے مختلف ہو سکتی ہے۔

داخلہ فارم پر دستخط اس امر کی دلیل ہے کہ آپ اِقرأ رَوضۃُ الأطفال کے اصول وضوابط سے آگاہی اور ان کی پابندی کا اقرار کر رہے ہیں۔

**داخلہ ہو جانے اور فیس جمع ہو جانے کے بعد داخلہ فیس ناقابل واپسی اور ناقابل انتقال ہے، خواہ بچہ پڑھنے آئے یا نہ آئے۔**

**فیس جمع کروانے اور کتب و یونیفارم کے حصول کے لیے دفتری اوقات**

فیس، اسٹیشنری و یونیفارم کے لیے صبح 8:30 سے دوپہر 12:30 بجے تک تشریف لائیں۔ مقررہ وقت کے بعد زحمت نہ فرمائیں۔

نوٹ: جمعہ کے دن چھٹی سے پہلے پہلے فیس جمع کرائی جا سکتی ہے۔

## داخلے کی منسوخی

داخلہ اس شرط سے مشروط ہوتا ہے کہ طالب علم/طالبہ/والدین/سرپرست اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ کے اُصول وضوابط (مثلاً وقت کی پابندی، حاضری، یونیفارم، فیس کی بروقت ادائیگی اور وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی ہدایات) کے پابند رہیں گے۔ اگر تنبیہ کے باجود اُصول وضوابط کی پابندی نہ کی جائے تو داخلہ منسوخ کردیا جائے گا۔ اسی طرح اگر بچے/بچیاں مطلوبہ وقت میں مطلوبہ مقدار ومعیار کے مطابق نہ چل رہے ہوں یا ان کا حافظہ ان کا ساتھ نہ دے رہا ہو یا زبان میں کسی بھی طرح کی کوئی رکاوٹ ہو، جو حفظ کے لیے مانع ہو، تو ان کا داخلہ منسوخ کردیا جائے گا۔ داخلے کی منسوخی کی صورت میں نہ تو کسی طرح کی فیس کی واپسی کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی کسی ہرجانے کا دعوٰی کیا جاسکتا ہے۔

## فیس

- اِقرأ روضۃ الأطفال ایک غیر تجارتی تعلیمی ٹرسٹ ہے، نہ کہ کوئی خیراتی یا عطیاتی ادارہ۔ لہٰذا طلباء وطالبات کے لیے لازمی ہے کہ مقررہ شرح فیس کے مطابق فیس ادا کریں۔
- داخلہ کے وقت والدین موجودہ فیس اور مستقبل میں ہونے والے اضافہ کو مدنظر رکھ کر ہی اپنے بچے/بچی کا داخلہ کروانے کا فیصلہ کریں۔
- ہر ماہ کی ماہانہ فیس اسی ماہ کے پہلے پانچ دنوں میں (یکم سے 5 تاریخ تک) ادا کرنا لازمی ہے۔
- بروقت ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں ادارہ تادیبی کارروائی کرے گا، جس کے تحت بچے/بچی کا نام خارج بھی کیا جاسکتا ہے۔

## ضوابط حاضری

حصول تعلیم خصوصاً حفظ کی تعلیم میں حاضری انتہائی اہم اور ضروری ہے، کسی بھی قسم کی رخصت یا غیر حاضری حفظ کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ اکثر وبیشتر ایک دن کی چھٹی سے پورے ایک ہفتہ کی تعلیم متأثر ہوتی ہے، اس لیے ادارہ کی طرف سے **100%** حاضری کا تقاضا کیا جاتا ہے اور اس پر انعام بھی دیا جاتا ہے، جبکہ رخصت وغیر حاضری سے نہ صرف روکا جاتا ہے بلکہ اس پر تنبیہ اور خصوصاً غیر حاضریوں پر تادیبی کارروائی بھی کی جاتی ہے۔ اس لیے گزارش ہے کہ:

- ادارہ میں بچوں کی حاضری یقینی بنائیں، بلاوجہ چھٹی یا غیر حاضری ہرگز نہ ہونے دیں۔
- معمولی باتوں پر چھٹی نہ کرائیں سوائے شدید ترین مجبوری یا سخت بیماری کی صورت میں۔
- شدید ترین مجبوری یا بیماری کی صورت میں رخصت کی درخواست ضرور دیں۔ درخواست کی منظوری کے بغیر حاضر نہ ہونے کو غیر حاضری تصور کیا جائے گا۔
- درخواست صاف ستھرے کاغذ پر ناظم تعلیمات یا صدر معلّمہ کے نام لکھی جائے اور براہ راست دفتر میں بھجوائی جائے۔
- درخواست میں بچے کا مکمل نام، شعبہ اور رجسٹریشن نمبر ضرور لکھا جائے، ورنہ درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔
- کثرتِ غیر حاضری ورخصت (ایک ماہ میں تین سے زائد غیر حاضری یا چھٹی) پر سخت تنبیہ کی جائے گی، تنبیہ کے باوجود اگر کسی بچے/بچی نے چھٹیوں یا غیر حاضریوں کا سلسلہ جاری رکھا تو اس کا نام خارج بھی کیا جاسکتا ہے۔
- حاضری کے لیے بروقت حاضر ہونا ضروری ہے۔ کسی شدید عذر کے علاوہ تاخیر سے آمد کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔
- بعض حضرات کی عادت ہوتی ہے کہ وہ بچے/بچی کی چھٹی قبل از وقت کرانا چاہتے ہیں، چونکہ اس سے پوری کلاس کا نظام متاثر ہوتا ہے، اس لیے بچوں کو قبل از وقت چھٹی ہرگز نہ کرائیں۔

## تعطیلات

چونکہ اقرأ روضۃ الاطفال ٹرسٹ ایک خودمختار تعلیمی ادارہ ہے اور اس کی اولین ترجیح طلباء وطالبات کی معیاری تعلیم وتربیت ہے، لہٰذا طویل تجربات کی روشنی میں ادارہ نے تعطیلات کے حوالے سے اپنی ترتیب مقرر کی ہوئی ہے۔ امتحانات اور تعطیلات کا نظام الاوقات (Schedule) ہر تعلیمی سال کے آغاز پر جاری کردیا جاتا ہے۔ ضروری نہیں کہ یہ نظام الاوقات (Schedule) سرکاری، صوبائی یا وفاقی نظام الاوقات (Schedule) کے مطابق ہو۔ عین ممکن ہے کہ سرکاری تعطیل کے اعلان کے باوجود ادارہ میں تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں۔ لہٰذا کسی کو بھی یہ حق نہ ہوگا کہ ایسے مواقع پر تعطیل کا تقاضہ کرے، تعطیل نہ کرنے پر احتجاج کرے یا کسی طرح کا دباؤ ڈالے۔ ایسا ہر اقدام ناجائز اور اُصول وضوابط کے خلاف شمار ہوگا۔

## امتحانات

- دورانِ تعلیمی سال شعبہ روضۂ شعبہ قاعدہ اور شعبہ حفظ میں دو دو امتحانات ہوتے ہیں۔ امتحان کی متوقع تاریخوں کا اعلان سال کے آغاز ہی میں کردیا جاتا ہے۔

- ششماہی وسالانہ امتحان میں پوزیشن کے حامل طلباء طالبات کو اعزازی شیلڈ دی جاتی ہے، بشرطیکہ:

1۔ دونوں امتحانات میں درجہ کامیابی ''ممتاز مع الشرف'' ہو۔
2۔ دونوں امتحانات میں مجموعی حاصل کردہ نمبرات کے اعتبار سے کلاس میں پوزیشن بنتی ہو۔

**نوٹ:** شعبہ حفظ/ قاعدہ میں پوزیشن کے لیے صرف حفظ/ قاعدہ میں حاصل کردہ نمبرات کو معیار بنایا جاتا ہے۔

## اوقات ملاقات

★ ہر شاخ میں صدر معلّمہ روضہ، صدر معلّمہ قاعدہ اور ناظم تعلیمات (برائے شعبہ حفظ) سے ملاقات کے اوقات مختلف ہیں، اس لیے متعلقہ شاخ کے ناظم دفتر سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ کن ایام واوقات میں ملاقات ممکن ہے۔

★ تعلیمی ودیگر مقاصد کے لیے ملاقات صرف والد/ والدہ/ سرپرست (جس کا نام داخلے کے وقت لکھا گیا ہو) سے ہی ممکن ہے، ان کے علاوہ کسی اور فرد کو طالب علم/ طالبہ اور ادارہ کے مابین کسی بھی معاملہ پر دخل اندازی کا حق نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ادارہ تادیبی وقانونی چارہ جوئی میں حق بجانب ہوگا۔

**صدر معلّمہ صاحبہ سے ملاقات کے لیے والدہ یا خاتون سرپرست کی تشریف آوری ضروری ہے، مرد حضرات صدر معلمات سے نہیں مل سکتے۔**

★ مقررہ ایام واوقات کے علاوہ ملاقات پر ہرگز اصرار نہ فرمائیں، کیونکہ اس سے ادارہ کا تعلیمی نظام متاثر ہوتا ہے۔

★ بعض والدین/ سرپرست کا اصرار ہوتا ہے کہ بچے/ بچی کے اُستاذ/ معلّمہ صاحبہ سے ملاقات کرائی جائے۔ **ازراہِ کرم نوٹ فرمالیں کہ:**

''اگر ہر فرد سے اُستاذ یا معلّمہ کی ملاقات کا اہتمام کیا جانے لگے تو کلاس کی تعلیم بری طرح متأثر ہوگی، اس لیے اساتذہ ومعلمات سے ملاقات نہیں کرائی جاتی۔ البتہ آپ کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ذمہ دار افراد سے مقررہ ایام واوقات میں ملاقات کا اہتمام ہوسکتا ہے۔''

# اوقاتِ تعلیم

- شعبہ روضہ وقاعدہ میں تعلیمی اوقات تقریباً 05 گھنٹے جبکہ شعبہ حفظ (جزووقتی) میں تقریباً 06 گھنٹے اور شعبہ حفظ (کل وقتی) میں 08:00 سے 08:30 گھنٹے (مع پینتالیس منٹ سے ڈیڑھ گھنٹہ وقفہ) ہوتے ہیں۔ تینوں شعبوں کے آغازِ تعلیم اور اختتامِ تعلیم کے اوقات کا اعلان تعلیمی سال کے شروع میں کر دیا جاتا ہے۔
- روزانہ تعلیم کا آغاز دُعاء (اسمبلی) سے ہوتا ہے جس میں تمام طلباء وطالبات کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔ دُعاء آغاز سے غیر حاضری یا تاخیر سے آمد باعث تنبیہ ہوگی، لہٰذا وقت مقررہ پر اپنے بچے/ بچی کو مدرسہ پہنچانے کا انتظام فرمائیں۔

# یونیفارم

اِقراٗ رَوضۃُ الاَطفال ٹرسٹ کی جانب سے طلباء وطالبات کے لیے مقرر کردہ یونیفارم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| برائے طلباء شعبہ روضہ، قاعدہ، حفظ | | |
|---|---|---|
| 1 | قمیض، شلوار | ہلکا بادامی رنگ (حسب نمونہ) |
| 2 | سفید ٹوپی | جالی والی |
| 3 | براؤن جرابیں | |
| 4 | براؤن جوتے | |
| 5 | براؤن سوئیٹر/ براؤن کوٹ (موسم سرما کے لیے) (حسب نمونہ) | |

| برائے طالبات شعبہ روضہ، قاعدہ، حفظ | | |
|---|---|---|
| 1 | قمیض، شلوار | ہلکا بادامی رنگ (حسب نمونہ) |
| 2 | اسکارف | |
| 3 | براؤن جرابیں | |
| 4 | براؤن جوتے | |
| 5 | براؤن سوئیٹر/ براؤن کوٹ (موسم سرما کے لیے) (حسب نمونہ) | |



طلباء وطالبات کے لیے روزانہ صاف ستھرا یونیفارم پہن کر آنا ضروری ہے۔









## ٹیوشن

تجربہ سے ثابت ہے کہ ٹیوشن عام طور پر طلبہ وطالبات کے لیے (خصوصاً قاعدہ وحفظ کی تعلیم میں) نقصان دہ ہے، کیوں کہ دو مختلف اساتذہ کے طرزِ تدریس میں فرق کی بناء پر بچہ نہ اِدھر کا رہتا ہے نہ اُدھر کا، نیز آج ٹیوشن کا سہارا ہمیشہ کے لیے سہاروں کا عادی بنا دیتا ہے۔
اسی بناء پر اقرأ کے کسی استاذ، ناظم یا عملہ کے فرد کو اقرأ کے کسی بھی شعبہ میں زیرِ تعلیم بچوں کو ٹیوشن پڑھانے کی اجازت نہیں، اس کی سخت ممانعت ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ فرد اور بچے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس ضابطہ کی خلاف ورزی سے کوئی بھی ناگوار صورتحال پیش آئی تو اس کے ذمّے دار مکمل طور پر والدین اور سرپرست ہی ہونگے۔

**لہٰذا ازراہِ کرم اس سے اجتناب فرمائیں اور اپنے بچے/ بچی کو ٹیوشن کی محتاجی سے بچائیں۔**

## ٹرانسپورٹ

واضح رہے کہ ادارہ صرف تعلیم وتربیت کا ذمہ دار ہے، ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کرتا، نہ ہی ادارہ کا اس میں کوئی مفاد ہے، لہٰذا ٹرانسپورٹ کا انتظام والدین خود کریں۔ گاڑی کی خراب ہونے یا نہ آنے کی صورت میں بچے/ بچی کو بروقت ادارہ پہنچانے کی ذمہ داری والدین پر ہوگی۔ کسی بھی ممکنہ زحمت سے بچنے کے لیے والدین قبل از وقت اپنے ٹرانسپورٹرز کے موبائل فون نمبر لے لیں اور ہنگامی حالات میں انہی سے رابطہ کریں۔ تاخیر سے آمد کی صورت میں ادارہ بچوں کو واپس کرنے کا مجاز ہے۔

## مار پیٹ

ادارہ میں مار پیٹ کی سخت ممانعت ہے، خدانخواستہ اس سلسلہ میں آپ کو کوئی شکایت ہو تو متعلقہ ذمہ داران سے رابطہ کریں۔
نیز نوٹ فرمالیں کہ: طالب علم/ سرپرست اور ادارہ کے مابین کسی بھی معاملہ میں کسی بھی غیر متعلقہ فرد کو دخل اندازی کی اجازت نہیں ہے۔
خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف ادارہ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

## نقدی اور قیمتی اشیاء

ادارہ میں بچوں/بچیوں کے لیے نقدی، موبائل فون، گھڑیاں، زیورات یا دیگر ایسی اشیاء جن کا تعلیمی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہ ہو، لانے کی سخت ممانعت ہے خلاف ورزی کی صورت میں یہ اشیاء ضبط کرلی جائیں گی اور تادیبی کارروائی بھی کی جائے گی۔



## لنچ

واضح رہے کہ ادارہ میں کسی بھی قسم کی کینٹین یا دوکان وغیرہ کی سہولت دستیاب نہیں ہے اور نہ ہی بچوں کو ادارہ کی حدود سے باہر جا کر کچھ خریدنے یا کسی شخص کے ذریعہ باہر سے کوئی چیز منگوانے کی اجازت ہے؛ لہٰذا مدرسہ آتے وقت والدین بچوں کو جیب خرچ وغیرہ نہ دیں۔ بچے/بچی کو گھر سے ہی کھانے پینے کی چیزیں دے کر بھیجیں یا لنچ کے مقررہ وقت سے پانچ منٹ قبل بچے/بچی کا لنچ ادارہ میں پہنچادیں۔ مقررہ وقت کے بعد لنچ بچے/بچی کو پہنچانے کی اجازت نہ ہوگی۔

## انتہائی اہم انتباہ

حفظ قرآن کریم اگرچہ ہر کسی پر فرض و واجب نہیں، تاہم ایک عظیم سعادت ضرور ہے، جس کے لیے خداداد صلاحیتوں کے حامل بچوں کا انتخاب ضروری ہے۔ ہر گھر میں ہر بچے/بچی کا حافظ ہو جانا ضروری نہیں۔ خاص طور پر اقرأ میں حفظ کی معیاری تعلیم کی ایک مقررہ مدت میں تکمیل ضروری ہے، جس میں بچے/بچی کی بڑھتی ہوئی عمر کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔ **اس لیئے درج ذیل تحریر کو خوب اچھی طرح سمجھ لیں۔**

ہماری پوری کوشش ہوتی ہے کہ آپ کا بچہ/بچی آپ کی تمناؤں اور اُمنگوں کے مطابق تعلیمی مراحل طے کرتے ہوئے حفظ قرآن کریم کی سعادت حاصل کرلے۔

دورانِ تعلیم کسی بھی مرحلے میں ماہرین تعلیم اور انتظامیہ کو محسوس ہوا کہ بچے/بچی کا حافظہ کمزور ہے (یاد نہیں رکھ سکتا/یاد کر کے بھول جاتا ہے) تلفظ ناقص ہے (باوجود تمام تر کوشش کے حروف والفاظ کی درست ادائیگی سے قاصر ہے) یا حصول علم میں سنجیدہ نہیں (بلاوجہ کثرت غیر حاضری کی شکایت ہے، مدرسہ کے اصول وضوابط کی پابندی کا انکاری ہے، معمولی باتوں پر چھٹی کی عادت ہے) اور اقرأ کی مقررہ مدت میں حفظ کی تکمیل میں مشکلات درپیش ہیں جس کی وجہ سے مقررہ مدت میں مطلوبہ معیار اور اہداف کا حصول ممکن نہیں تو ایسے بچے/بچی کو ادارہ میں مزید تعلیم جاری رکھنے سے منع کر دیا جائے گا۔



# اقراء روضۃ الاطفال ٹرسٹ کی شاخیں جن میں عموماً داخلے ہوتے ہیں

## کراچی زون — صوبہ سندھ

| نمبر شمار | علاقہ/کوڈ نیم | شاخوں کے نام | مکمل پتہ | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ضیاءالدین | شاخ سیدنا ابوبکر صدیقؓ | F-108، بلاک "B" نارتھ ناظم آباد کراچی | 021-36677163 |
| 2 | گلشن اقبال | شاخ سیدنا عثمان غنیؓ | S.T-5/3، بلاک نمبر 7، اسکیم نمبر 24، گلشن اقبال کراچی | 021-34817250 |
| 3 | ناظم آباد نمبر 2 | شاخ سیدنا علی المرتضیٰؓ | 2-D,11/10 ناظم آباد نمبر 2، نزد گجر نالہ کراچی | 021-36684386 |
| 4 | نارتھ ناظم آباد | شاخ سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ | S.T-2/1، بلاک T، نارتھ ناظم آباد، نزد قلندریہ چوک، کراچی | 021-36634125 |
| 5 | باتھ آئی لینڈ | شاخ سیدنا عبداللہ بن عباسؓ | B/5 G.O.R. باتھ آئی لینڈ کلفٹن، نزد طیبہ مسجد، کراچی | 021-35834176 |
| 6 | بلدیہ ٹاؤن | شاخ سیدنا امام محمدؒ | مکان نمبر 9/A-10/A سیکٹر 5-G، بلدیہ ٹاؤن، سعید آباد، کراچی | 021-32821874 |
| 7 | الحمراء سوسائٹی | شاخ سیدۃ خدیجۃ الکبریٰؓ | 40، الحمراء سوسائٹی، ٹیپو سلطان روڈ، کراچی | 021-34545059 |
| 8 | زمان ٹاؤن | شاخ سیدنا عبداللہ بن عمرؓ | C-125، سیکٹر 35/A، زمان ٹاؤن، کورنگی، کراچی | 021-35063639 |
| 9 | اورنگی ٹاؤن | شاخ سیدنا عقبہ بن عامرؓ | مکان نمبر 287 سیکٹر 12 / L اورنگی ٹاؤن کراچی | 021-36656872 |
| 10 | ماڑی پور | شاخ سیدنا امام ابو یوسفؒ | گریکس مسلم کالونی ہاکس بے روڈ، ماڑی پور، کراچی | 021-32352761 |
| 11 | جوبلی | شاخ سیدنا عبدالرحمٰن بن عوفؓ | نذیر منزل روم نمبر 11، بیٹا ملی روڈ، جوبلی کراچی | 021-32721691 |
| 12 | ملیر | شاخ سیدنا ابوالدرداؓ | سروے نمبر 22-221 نزد جامعہ ملیہ گرلز اسکول، گلشن، رفیع ملیر کراچی | 021-34591654 |
| 13 | ڈی سلوا ٹاؤن | شاخ سیدۃ فاطمہ بنت قیسؓ | B-123 بلاک "P" حسین ڈی سلوا ٹاؤن، نارتھ ناظم آباد، کراچی | 021-36636159 |
| 14 | نارتھ کراچی | شاخ سیدنا ابوعبیدۃ بن الجراحؓ | R-58/59، سیکٹر 5-C-1، نزد رحمانیہ موڑ، نارتھ کراچی | 021-36940701 |
| 15 | ٹھٹھہ | شاخ سیدنا عامر بن ربیعہؓ | سروے نمبر 1678 محلہ شکر الٰہی، وارڈ نمبر 4 نزد قدیمی جامعہ مسجد، ٹھٹھہ | 0332-3290805 |
| 16 | سٹیزن کالونی | شاخ ام المؤمنین سیدۃ صفیہ بنت حییؓ | مکان نمبر 308، سٹیزن کوآپریٹو سوسائٹی، حیدرآباد | 022-2661029 |
| 17 | لطیف آباد | شاخ سیدۃ حمنہ بنت جحشؓ | D-179، بلاک D، زبیدہ منزل، لطیف آباد یونٹ سات، حیدرآباد | 022-3812982 |

## کوئٹہ زون — صوبہ بلوچستان

| نمبر شمار | علاقہ/کوڈ نیم | شاخوں کے نام | مکمل پتہ | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 18 | ائیرپورٹ روڈ | شاخ سیدنا سعد بن معاذؓ | ائیرپورٹ روڈ نزد بیوٹمز یونیورسٹی کلی طور ناصر کوئٹہ | 081-2873330 |
| 19 | جناح روڈ | شاخ سیدنا عبادہ بن صامتؓ | عبداللہ ہال سٹریٹ، جناح روڈ، امداد چوک، کوئٹہ | 081-2869031 |
| 20 | منیر احمد خان روڈ | شاخ سیدنا حکیم بن حزامؓ | منیر احمد خان روڈ، کوئٹہ | 081-2822980 |
| 21 | جوائنٹ روڈ | شاخ سیدنا زید بن الخطابؓ | بنگلہ نمبر C-34 ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی جوائنٹ روڈ، کوئٹہ | 081-2445466 |
| 22 | نواں کلی | شاخ سیدہ صفیہؓ بنت عبدالمطلب | 53/83 زرغون آباد فیز 2 نزد بیت الرحمٰن مسجد نواں کلی کوئٹہ | 081-2672291 |
| 23 | سیٹلائٹ ٹاؤن | شاخ سیدہ سمیہؓ | بلاک نمبر 5 سٹیلائیٹ ٹاؤن، میر غلام حیدر اسٹریٹ نزد مکی مسجد، کوئٹہ | 081-2444173 |
| 24 | جوائنٹ روڈ | شاخ سیدنا حسین بن علیؓ | جوائنٹ روڈ 10/9-5448 ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی، کوئٹہ | 081-2471901 |
| 25 | رئیسانی روڈ | شاخ سیدنا عبداللہ بن جحشؓ | رئیسانی روڈ نزد مسجد تقویٰ کوئٹہ | 081-2450073 |
| 26 | خانوزئی | شاخ سیدہ ماریہ قبطیہؓ | حق آباد نزد گرلز کالج خانوزئی، ضلع پشین، بلوچستان | 0826-427154 |

## پشاور زون — صوبہ خیبر پختون خوا

| نمبر شمار | علاقہ/کوڈ نیم | شاخوں کے نام | مکمل پتہ | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 27 | ورسک روڈ | شاخ سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ / شاخ سیدہ اسماء بنت ابی بکرؓ | مفتی جمیل خان سٹریٹ نزد میزان بینک ورسک روڈ بابو گڑھی پشاور | 091-5200035<br>091-5200335 |
| 28 | کوہاٹ روڈ | شاخ سیدہ رقیہؓ | رنگ روڈ نزد سرحد یونیورسٹی پشاور | 091-5230700<br>0332-5230700 |
| 29 | ناصر باغ | شاخ سیدنا سالم بن ابی حذیفہؓ | ناصر باغ روڈ بالمقابل پولیس کالونی پشاور | 091-5710315 |
| 30 | دلہ زاک روڈ | شاخ سیدنا حرام بن ملحانؓ | نزد شاہ پور چوکی دلہ زاک روڈ پشاور | 091-2920200 |
| 31 | چارسدہ | شاخ سیدنا حنظلہ بن ابی عامرؓ | غنی خان روڈ بلمقابل کشمیر باغ چارسدہ | 091-6513121 |
| 32 | چارسدہ شیرپاؤ | شاخ سیدنا طلحۃ الخیرؓ | شیرپاؤ، چارسدہ | 091-6610000 |
| 33 | مردان | شاخ سیدنا براء ابن مالکؓ | دوسہرہ چوک مردان | 0937-861000 |
| 34 | نوشہرہ | شاخ سیدنا قاسم بن محمدؒ | محلہ عمر آباد، خویشگی روڈ نوشہرہ کلاں، تحصیل وضلع نوشہرہ | 0318-9374795 |
| 35 | شبقدر | شاخ سیدنا اویس بن صامتؓ | (عمارت نمبر 1) پہلوان قلعہ نزد حیوانات ہسپتال شبقدر (عمارت نمبر 2) مٹہ روڈ نزد ایف سی قلعہ شبقدر | 091-6282244<br>091-6281872 |
| 36 | صوابی | شاخ سیدنا قدامہ بن مظعونؓ | پنج پیر لارہ جہانگیرہ روڈ صوابی | 0938-280242 |
| 37 | زیدہ | سیدنا تمیم بن حارثؓ | نزد بی ایچ یو ٹوپی روڈ زیدہ | 03442937835 |
| 38 | یار حسین | شاخ سیدنا عبداللہ بن مظعونؓ | نزد گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 یار حسین صوابی | 0938-460402 |
| 39 | بام خیل | شاخ سیدنا عثمان بن مظعونؓ | ٹوپی روڈ نزی کندہ بام خیل صوابی | 0315-8231166 |
| 40 | بونیر | شاخ سیدنا حسن بن علیؓ | فلک ناز بلڈنگ کنکوئی چوک بونیر | 0333-9296530 |
| 41 | اکوڑہ خٹک | شاخ سیدنا عتبان بن مالکؓ | مصری بانڈا روڈ نزد سول ہسپتال اکوڑہ خٹک | 0923-630003 |
| 42 | تورڈھیر اڈہ | سیدنا ابو قتادہ الانصاریؓ | صوابی جہانگیرہ روڈ نزد نیو سبزی منڈی مین تورڈھیر اڈہ | 0313-908678 |
| 43 | تیمرگرہ | شاخ سیدنا فضالہ بن عبیدؓ | نزد واپڈا آفس تیمرگرہ | 0945-822588 |
| 44 | سوات | شاخ سیدنا عبداللہ ابن جبیر بن مطعمؓ | محلہ سنہری، نزد سنہری مسجد بنڑ مینگورہ، سوات | 0946-711833 |
| 45 | پبی | شاخ سیدنا معقل بن یسارؓ | فضل الرحمان پلازہ بالمقابل تحصیل کورٹ نزد ریلوے اسٹیشن، پبی | 0303-8742879 |
| 46 | دیر بالا | شاخ سیدنا سہل بن سعدؓ | اپر دیر کالج کالونی | 0302-8044704 |
| 47 | سپلائی | شاخ سیدنا سعد بن عبادہؓ | ملک ہاؤس، نیازی کالونی، بالمقابل قریشی پیٹرول پمپ، سپلائی ایبٹ آباد | 0992-400413 |
| 48 | نواں شہر | شاخ سیدنا سلمہ بن ہشامؓ | احتشام کالونی، جھاڑیاں روڈ، نواں شہر، ایبٹ آباد | 0312-5631724 |
| 49 | حویلیاں | شاخ سیدنا سلمہ بن ثابتؓ | ہسپتال محلہ، نزد جامع مسجد فاروق اعظم، حویلیاں شہر، ایبٹ آباد | 0992-811194 |
| 50 | سرین چوک | شاخ سیدنا عامر بن فہیرہؓ | نزد حراء ہسپتال ایبٹ آباد | 0315-5494552 |
| 51 | اوگی | شاخ سیدنا اسعد بن زرارہؓ | کچہری روڈ، نزد پوسٹ آفس، اوگی، ضلع مانسہرہ | 0992-395282 |
| 52 | بٹگرام | شاخ سیدنا عثمان بن مظعونؓ | نزد پیٹرول پمپ سعید مارکیٹ، بٹگرام | 0997-311741 |
| 53 | جیسول | شاخ سیدہ اُم درداءؓ | جیسول بازار، بٹگرام | 0347-9843605 |
| 54 | تھاکوٹ | شاخ اُم المؤمنین سیدہ جویریہؓ | نزد شاہی جامع مسجد تھاکوٹ، بٹگرام | 0997-402883 |

## لاہور زون — صوبہ پنجاب

| نمبر شمار | علاقہ/کوڈ نیم | شاخوں کے نام | مکمل پتہ | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 55 | کلمہ چوک | شاخ سیدنا معاذ بن جبلؓ | 1 ٹیپو بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور | 042-35861714 |
| 56 | چونگی | شاخ سیدنا سعید بن زیدؓ | 17 کلومیٹر فیروز پور روڈ چونگی امرسدھو لاہور | 042-35823480 |
| 57 | بیدیاں روڈ | شاخ سیدنا حنظلہؓ | ٹھیٹر گاؤں بیدیاں روڈ لاہور | 042-37167656 |
| 58 | واپڈا ٹاؤن | شاخ سیدہ ام کلثومؓ | مکان نمبر 26 بلاک H-2 فیز 1 واپڈا ٹاؤن لاہور | 042-35189177 |
| 59 | چناب موڑ | شاخ سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ | عمر بلاک منصورہ ہوم سوسائٹی، چناب موڑ ہنجروال، لاہور | 042-35431238 |
| 60 | شاہ جمال | شاخ سیدنا الحسینؓ | 4۔شاہ جمال کالونی لاہور | 042-37423166 |
| 61 | سگیاں | شاخ سیدنا سلمۃ بن الاکوعؓ | الجنت روڈ سگیاں بائے پاس خانقاہ سید احمد شہید رحمہ اللہ۔ لاہور | 0423-7339841 |
| 62 | غزالی روڈ | شاخ سیدنا ابی بن کعبؓ | N-152 غزالی روڈ بالمقابل یونین کونسل آفس، سمن آباد | 042-37582220 |
| 63 | راجگڑھ | شاخ سیدنا خالد بن ولیدؓ | 16-A راج گڑھ روڈ چوبرجی لاہور | 042-37353500 |
| 64 | سانده | شاخ سید احمد شہیدؒ | 46/C سانده روڈ لاہور | 042-37146056 |
| 65 | راوی پارک | شاخ سیدہ سودہ بنت زمعہؓ | 16-A مولانا احمد علی روڈ راوی پارک لاہور | 042-37721983 |
| 66 | صدیق پورہ | شاخ سیدہ ام سلمہؓ | حنیف پارک صدیق پورہ سابقہ واپڈا آفس بادامی باغ لاہور | 042-37604785 |
| 67 | مصری شاہ | شاخ سیدہ حفصہؓ | گلی نمبر 27-26۔ نواب کالونی مصری شاہ لاہور | 042-37610999 |
| 68 | شاہدرہ | شاخ سیدنا الحسنؓ | گھاٹی فرخ آباد جی روڈ شاہدرہ لاہور | 042-37926791 |
| 69 | پاکستان منٹ | شاخ سیدنا سعد بن مالکؓ | گلستان کالونی نمبر 3 پاکستان منٹ لاہور | 042-36559266 |
| 70 | ای ایم ای | شاخ سیدنا امام زین العابدینؒ | متصل گیٹ نمبر 3 ای ایم ای سوسائٹی لاہور | 0322-6663340 |
| 71 | موہلنوال | شاخ سیدنا عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ | نمبردار چوک موہلنوال ملتان روڈ لاہور | 03338918610 |
| 72 | قصور | شاخ سیدنا زبیر ابن العوامؓ | کچہری روڈ، پی ٹی سی ایل کالونی قصور | 0492-770737 |
| 73 | منڈی عثمان | شاخ سیدنا سلمان فارسیؓ | مین روڈ نزد تھانہ منڈی عثمان والہ تحصیل وضلع قصور | 0492-793231 |
| 74 | تلونڈی | شاخ سیدہ سہلہ بنت سہیلؓ | بالمقابل ڈاکخانہ، مین قصور روڈ، تلونڈی، ضلع قصور | 0308-3711344 |
| 75 | تاراگڑھ | شاخ سیدہ عاتکہ بنت زیدؓ | نور پور تاراگڑھ چوک، ضلع قصور | 03008025135 |
| 76 | مریدکے | شاخ سیدنا عمرو بن العاصؓ | نزد کینال ریسٹ ہاؤس مریدکے | 042-37166319 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 77 | پتوکی | شاخ سیدنا صفوان بن امیہؓ | نزد اسپائر کالج ملتان روڈ، پتوکی | 049-4560557 |
| 78 | رائے ونڈ | شاخ سیدہ رُفیدہؓ | بالمقابل شارل نزد حویلی اجتماع گاہ سندر روڈ رائے ونڈ | 0423-5391094 |
| 79 | بنوں | شاخ سیدنا عمیر بن ھمامؓ | سوکاڑی گیٹ، عبدالجبار روڈ، بنوں | 0928-621201 |
| 80 | ڈیرہ اسماعیل خان | شاخ سیدنا مصعب بن عمیرؓ | یونیورسٹی روڈ وینسم ہاؤسنگ سوسائٹی نزد وینسم کالج ڈیرہ اسماعیل خان | 0966-720090 |
| 81 | پہاڑ پور | شاخ سیدنا ہلال بن امیہ | حسنین آباد ختم نبوت چوک (نہر والی چونگی) پنیالہ روڈ پہاڑ پور | 03456197056 |

## گوجرانوالہ زون

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 82 | سیٹلائٹ ٹاؤن | شاخ سیدنا ابو ایوب انصاریؓ | 155/D دستگیر روڈ سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ | 055-3731246 |
| 83 | ماڈل ٹاؤن | شاخ سیدنا حذیفہ بن الیمانؓ | 104 ڈی جناح روڈ نزد زک پٹرول پمپ ماڈل ٹاون گوجرانوالہ | 0553251246 |
| 84 | جلیل ٹاؤن | شاخ سیدنا مقداد بن اسودؓ | مکان نمبر A/156 گلی نمبر 4 جلیل ٹاؤن گوجرانوالہ | 055-4299067 |
| 85 | شالیمار ٹاؤن | شاخ سیدنا ابو عامر اشعریؓ | حسن پارک رانا چوک نزد شالیمار ٹاؤن گوجرانوالہ | 055-3814321 |
| 86 | گجرات | شاخ سیدنا زید بن ثابتؓ | علی پورہ روڈ پرانا پاسپورٹ آفس گجرات | 0533729145 |
| 87 | پسرور | شاخ سیدنا قیس بن سعدؓ | کلاسوالہ روڈ نزد بجلی گھر پسرور | 052-6440730 |
| 88 | شکر گڑھ | شاخ سیدنا عُروہ بن مسعودؓ | محلہ ریاض پورہ عقب ایکسچینج کالج روڈ شکر گڑھ | 054-2451750 |
| 89 | نارووال | شاخ سیدنا عامر بن الاکوعؓ | سمن آباد کالونی نزد ایس پی ہاؤس سرکلر روڈ نارووال | 054-2410502 |
| 90 | علی پور چٹھہ | شاخ سیدہ اُمّ الفضل لُبابہؓ | مدرسہ نذر الاسلام ریلوے روڈ علی پور چٹھہ | 055-6333607 |
| 91 | سیالکوٹ | شاخ سیدنا قتادہ بن نعمانؓ کیمپس (1) | کیپٹل روڈ ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ | 052-3241250 |
| 92 | سیالکوٹ | شاخ سیدنا قتادہ بن نُعمانؓ کیمپس (2) | اندرون کشمیر رائس ملز شہاب پورہ چوک سیالکوٹ | 052-3572198 |
| 93 | گلوٹیاں | شاخ سیدنا سَعد بن رَبیعؓ | گلوٹیاں کلاں تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ | 0333-8115801 |
| 94 | پیپلز کالونی/فیصل آباد | شاخ سیدنا عبد اللہ بن ہلال الانصاریؓ | 120/C پیپلز کالونی نمبر 1 نزد جڑانوالہ روڈ فیصل آباد | 041-8710505 |
| 95 | گلستان کالونی/فیصل آباد | شاخ سیدنا کعب بن مالک الانصاریؓ | مکان نمبر 1030 بلاک G گلستان کالونی نمبر (1) فیصل آباد | 041-8580004 |
| 96 | سمن آباد/فیصل آباد | شاخ سیدنا مُغیرہ بن شُعبہؓ | گلی نمبر 6 امین آباد نمبر 2 سمن آباد فیصل آباد | 041-2564114 |
| 97 | غلام محمد آباد/فیصل آباد | شاخ سیدنا کعب بن زُہیرؓ | مکان نمبر 453 بلاک اے غلام محمد آباد فیصل آباد | 0412692777 |
| 98 | سمندری | شاخ سیدنا منذر بن عمروؓ | مکان نمبر 223 محلّہ اسلام پورہ رجانہ روڈ سمندری | 041-3423636 |
| 99 | جڑانوالہ | شاخ سیدنا ابو دُجانہؓ | مکان نمبر 2 گلی نمبر 1 جھمرہ روڈ محلہ حسین پارک عقب حنفیہ مسجد جڑانوالہ | 041-4316118 |
| 100 | لوئر کنال فیصل آباد | سیدنا عاصم بن ثابتؓ | نزد گل برگ ویلی بر لب لوئر کنال جڑانوالہ روڈ فیصل آباد | 0412424782 |
| 101 | سرگودھا | شاخ سیدنا زید بن ارقمؓ | مکان نمبر پی 295 بلاک اے نزد مبارک ہائی سکول سیٹلائٹ ٹاون سرگودھا | 0483214466 |
| 102 | جھنگ | شاخ سیدہ زینب بنت جحشؓ | بستی کل والی نزد سبزی منڈی بند روڈ جھنگ | 0477-500217 |

## راولپنڈی زون

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 103 | آفندی کالونی | شاخ سیدنا انس بن مالکؓ | پلاٹ نمبر 22 آفندی کالونی، سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی | 051-4573638 |
| 104 | صدر | شاخ سیدنا جعفر طیارؓ | مکان نمبر 4، سرور روڈ، کامران مارکیٹ، صدر کینٹ، راولپنڈی | 051-4252556 |
| 105 | کمرشل مارکیٹ | شاخ سیدنا براء بن مالکؓ | مکان نمبر D-706، نزد کمرشل مارکیٹ، سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی | 051-4582260 |
| 106 | خیابانِ سرسید | شاخ سیدنا طلحہؓ | مکان نمبر A-164 سیکٹر 1، نیو گولڈن CNG خیابان سرسید، راولپنڈی | 051-4831645 |
| 107 | برٹش ہومز | شاخ سیدنا امام مالکؒ | مکان نمبر F-33 گلشن اقبال، برٹش ہومز، نزد پیرودھائی موڑ، راولپنڈی | 051-5475747 |
| 108 | لہتراڑ روڈ | شاخ سیدنا تمیم داریؓ | سٹریٹ نمبر 1، البدر ٹاؤن، نزد البدر مسجد، مین لہتراڑ روڈ، اسلام آباد | 0333-5393012 |
| 109 | ترنول | شاخ سیدنا امام ابو حنیفہؒ | فتح جنگ روڈ، 2 کلومیٹر مرچاں سٹاپ، نیازی کالونی، ترنول، راولپنڈی | 0300-5547674 |
| 110 | واہ کینٹ | شاخ سیدنا نعمان بن بشیرؓ | نیو سٹی، فیز نمبر 01، اسٹریٹ نمبر 16، واہ کینٹ، راولپنڈی | 051-4903917 |
| 111 | اٹک | شاخ سیدنا عمرو بن جموحؓ | دارالسلام کالونی، نزد برف خانہ سٹاپ، کامرہ روڈ، اٹک شہر، ضلع اٹک | 057-2541012 |
| 112 | کہوٹہ | شاخ اُم المؤمنین سیدہ میمونہؓ | تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال روڈ، کہوٹہ، راولپنڈی | 051-3313754 |
| 113 | کلر سیداں | شاخ سیدنا عروہ بن زبیرؓ | نزد اراضی سینٹر، تھانہ روڈ، کلر سیداں راولپنڈی | 051-3570382 |
| 114 | سکوٹ | شاخ سیدنا علاء بن عبد اللہؓ | سینتھا سکوٹ، کلر سیداں، راولپنڈی | 0300-5115623 |
| 115 | غورغشتی | سیدنا حسان بن ثابتؓ کیمپس 2 | خان جی پلازہ مین تربیلا روڈ، مسکین آباد، غورغشتی | 0314-5101105 |
| 116 | حضرو | شاخ سیدہ فاطمہ بنت اسدؓ | نزد بلال مسجد، پٹھان کالونی، حضرو | 057-2363131 |
| 117 | کامرہ | شاخ سیدہ اُمّ حبیبہؓ | نزد فیضان مدینہ مسجد، قطبہ موڑ، کامرہ کینٹ، تحصیل حضرو، ضلع اٹک | 057-2642240 |

## جہانیاں زون

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 118 | جہانیاں | شاخ سیدنا ابو موسیٰ الاشعریؓ | ابراہیم ٹاؤن جہانیاں | 0305-03352211185 |
| 119 | میلسی سرگانہ روڈ | شاخ سیدنا عکاشہؓ | سرگانہ روڈ نزد تبلیغی مرکز میلسی | 03312009555 |
| 120 | رحیم یار خان | شاخ سیدنا امام احمد بن حنبلؒ | چک نمبر 111/P والا موڑ جیل روڈ رحیم یار خان | 068-5903270 |
| 121 | ملتان شاہ رکن عالم | شاخ سیدنا ابراہیم بن محمدؓ | ہاؤس نمبر 12 بلاک I، وکیل چوک شاہ رکن عالم ملتان | 03336153933 |
| 122 | ملتان شالیمار | شاخ سیدنا ابو امامہ باہلیؓ | مکان نمبر A-31 شالیمار بوسن روڈ | 0335602118 |
| 123 | بہاولپور | شاخ سیدنا حاطب بن ابی بلتعہؓ | مکان نمبر B /04 (غربی) ٹرسٹ کالونی بہاولپور | 0006809036 |
| 124 | میانچنوں | شاخ سیدنا ارقم بن ارقمؓ | گلشن اقبال ٹاؤن نزد PSO پمپ میانچنوں | 03016230730 |
| 125 | میلسی مدینہ ٹاؤن | شاخ سیدنا نعمان بن مالکؓ | مدینہ ٹاؤن سرکلر روڈ میلسی | 03046902813 |
| 126 | ملتان ممتاز آباد | شاخ سیدنا شرحبیل بن حسنہؓ | مکان نمبر 148 بلاک C ممتاز آباد کالونی ملتان | 03046021118 |

## آزاد کشمیر

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 127 | باغ | شاخ اُمّ المومنین سیدہ زینبؓ | نزد گرڈ اسٹیشن، باغ، آزاد کشمیر | 05823-444575 |
| 128 | منگ ساہلیاں | شاخ سیدنا بشیر بن سعدؓ | ساہلیاں، تحصیل و ضلع باغ، آزاد کشمیر | 05823-445313 |
| 129 | ریڑہ | شاخ سیدنا سعد بن عبیدؓ | ریڑہ، تحصیل ضلع باغ، آزاد کشمیر | 05823-434782 |
| 130 | دھیر کوٹ | شاخ سیدنا طفیل بن حارث المطلبیؓ | نزد جامع مسجد فاضلیہ، نیلہ بٹ روڈ، دھیر کوٹ، باغ آزاد کشمیر | 05823-453440 |
| 131 | میرپور | شاخ سیدنا ابو ذر غفاریؓ | نزد D.E.O آفس، مکان نمبر 24، سیکٹر B-2 میرپور، آزاد کشمیر | 05827-446685 |
| 132 | مظفر آباد | شاخ سیدنا سالم بن عمیرؓ | نزد پی۔ایس۔او پٹرول پمپ سانگور روڈ گوجرہ، مظفر آباد، آزاد کشمیر | 0346-9655440 |

## گلگت زون (شمالی علاقہ جات)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 133 | گلگت سٹی | شاخ سیدنا عباسؓ | نزد کوہستان آئل کمپنی، ائیر پورٹ روڈ، کشروٹ گلگت سٹی | 05811453209 |
| 134 | کنوداس | شاخ سیدہ ام حرامؓ | مسلم کالونی، کنوداس ضلع گلگت | 05811-453820 |
| 135 | مناور | شاخ سیدنا ابو قحافہؓ | ژری محلہ، علاقہ مناور، تحصیل و ضلع گلگت | 0355-5263154 |
| 136 | جگلوٹ | شاخ سیدنا امیر معاویہؓ | جگلوٹ سئی، تحصیل و ڈاکخانہ جگلوٹ، ضلع گلگت | 05811400486 |
| 137 | گلاپور | شاخ سیدنا ابو طلحہ انصاریؓ | گاؤں بیارچی، ڈاکخانہ گلاپور، تحصیل پنیال ضلع غذر | 0355-5641802 |
| 138 | بونجی | شاخ سیدنا محمد بن مسلمہ انصاریؓ | فارم محلہ، ڈاکخانہ بونجی، تحصیل و ضلع استور | 03118933059 |
| 139 | استور | شاخ سیدنا ابو محذورہؓ | چونگڑہ کالونی، تحصیل و ضلع استور | 0355-5426680 |
| 140 | چلاس | شاخ سیدہ زینب بنت محمدؐ | محمود آباد، تکیہ محلہ، تحصیل و ڈاکخانہ چلاس، ضلع دیامر | 05812450901 |

## غذر زون / سکردو زون / چترال زون

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 141 | گاہکوچ | شاخ سیدنا صہیب رومیؓ | داماس، ڈاکخانہ گاہکوچ، ضلع غذر | 05814450402 |
| 142 | بوبر | شاخ سیدنا رافع بن خدیجؓ | گاؤں بوبر، ڈاکخانہ بوبر، ضلع غذر | 05814-450402 |
| 143 | گوپس | شاخ سیدنا عمران بن حصینؓ | نزد سول کورٹ، تحصیل و ڈاکخانہ گوپس، ضلع غذر | 05814455188 |
| 144 | سمال | شاخ سیدنا عدی بن حاتمؓ | گاؤں سمال، تحصیل و ڈاکخانہ گوپس، ضلع غذر | 03555277549 |
| 145 | پھنڈر | شاخ سیدہ خولہ بنت حکیمؓ | گاؤں پھنڈر، تحصیل و ڈاکخانہ پھنڈر، ضلع غذر | 0355-5247059 |
| 146 | یاسین | شاخ سیدنا زید بن حارثہؓ | تھوداس محلہ، ڈاکخانہ و تحصیل یاسین، ضلع غذر | 05814460231 |
| 147 | چٹور کھنڈ | شاخ سیدنا عمار بن یاسرؓ | کوچدہ نزد سٹی تھانہ، چٹور کھنڈ، تحصیل اشکومن، ضلع غذر | 03555249080 |
| 148 | ایمت | شاخ سیدہ حلیمہ سعدیہؓ | مقام و ڈاکخانہ ایمت، تحصیل اشکومن، ضلع غذر | 03555249080 |
| 149 | سکردو | شاخ سیدہ فاطمۃ الزھراءؓ | حبیب منزل، نزد سیاچن ہاؤس، سدپارہ روڈ سکردو، بلتستان | 05815455242 |
| 150 | خپلو | شاخ سیدہ ام سلیم بنت ملحانؓ | محلہ ملالیوا، تحصیل و ڈاکخانہ خپلو، ضلع گانگچھے، بلتستان | 05816450588 |
| 151 | براہ | شاخ سیدنا زید بن علیؒ | محلہ براہ پائین، ڈاکخانہ براہ بالا، تحصیل خپلو، ضلع گانگچھے، بلتستان | 0355-5337889 |
| 152 | ڈغونی | شاخ سیدنا جعفر صادقؒ | محلہ سلطان آباد، ڈاکخانہ و تحصیل ڈغونی، ضلع گانگچھے، بلتستان | 0355-5337889 |
| 153 | بلچ | شاخ سیدہ فاطمہ بنت خطابؓ | گرم چشمہ روڈ، بلچ، چترال | 0943413868 |
| 154 | زرگراندہ | شاخ سیدنا اُسید بن حضیرؓ | نزد شاہی مسجد روڈ، زرگراندہ، تحصیل و ضلع چترال | 0943412460 |
| 155 | برنس | شاخ سیدنا قثم بن عباسؓ | موڑدہ، برنس، تحصیل و ضلع چترال | 03330510525 |

فلاحِ دارین اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ

# ایک بچہ حافظ بنایئے!

**شمالی علاقہ جات (گلگت بلتستان اور چترال)** کے عوام معاشی کمزوری کی بنا پر اپنے بچوں کی مکمل تعلیمی اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ اقرأ ویلفیئر ٹرسٹ تقریباً **70%** اخراجات کی کفالت کرتا ہے جس کا سالانہ تخمینہ تقریباً **18 کروڑ روپے** ہے۔ اہلِ خیر اور صاحبانِ استطاعت سے حصول تعاون کے لیے اقرأ نے ایک بچہ حافظ بنایئے اسکیم کا اجراء کیا ہے۔ ان پسماندہ علاقوں میں اشاعت قرآن کریم اور بقاء نظام تعلیم کے لیے آپ بھی اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔

ایک بچے کے سالانہ تعلیمی اخراجات
**30,000/= روپے**
ادا کر کے آپ بھی اس کارِ خیر میں حصہ لے سکتے ہیں

- ایک شاخ کے مکمل اخراجات اپنے ذمہ لیں۔
- ایک یا ایک سے زائد طلباء و طالبات کے مکمل تعلیمی اخراجات ذمہ لیں۔
  (۱) سالانہ زرِ تعاون ایک طالب علم =/30,000 روپے صرف
  (۲) ماہانہ زرِ تعاون ایک طالب علم =/2,500 روپے صرف
- حسب استطاعت جتنی بھی رقم سے ممکن ہو اعانت فرمائیں۔
- اس کارِ خیر میں تعاون کے لیے اقرأ کے جاری کردہ 1000, 500, 100 اور 50 روپے کے ٹوکن کے ذریعہ بھی حسبِ توفیق حصہ لیا جا سکتا ہے۔

دوست احباب اور دیگر متعلقین کو ترغیب دے کر متوجہ کریں۔

درجِ ذیل اکاؤنٹ میں براہِ راست بھی جمع کرا سکتے ہیں۔

**اقرأ ویلفیئر فاؤنڈیشن**

**IQRA WELFARE FOUNDATION**

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL بلڈنگ برانچ، بلاک B، نارتھ ناظم آباد، کراچی)

(اکاؤنٹ نمبر) 0544307339041

IBAN # PK13UNIL0109000307339041

ہر شاخ میں رقم جمع کرائی جا سکتی ہے۔ رقم جمع کراتے وقت رسید ضرور حاصل کریں

HAVING **200** BRANCHES IN ALL OVER PAKISTAN

**108,744** TOTAL HUFFAZ IN ALL OVER PAKISTAN

## کراچی زون

**1/12,1/11 1-A**
ناظم آباد نمبر **1** کراچی
**021-36609198**
**021-36603039**

## لاہور زون

**17** کلومیٹر فیروز پور روڈ
چونگی امر سدھو، لاہور
**042-35823480**
**042-35824047**

## گوجرانوالہ زون

**155-D**، سیٹلائٹ ٹاؤن
نزد سلامت ہسپتال، گوجرانوالہ
**055-3731246**
**055-3731407**

## راولپنڈی زون

پلاٹ نمبر **22**، آفندی کالونی
سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی
**051-4573638**

## جہانیاں زون

ابراہیم ٹاؤن
جہانیاں منڈی ضلع خانیوال
**0305-2211185**
**0335-2211185**

## پشاور زون

بابو گڑھی
ورسک روڈ، پشاور
**091-5200035**
**091-5200174**

## کوئٹہ زون

طور ناصر، ائیر پورٹ روڈ
بیوٹم یونیورسٹی، کوئٹہ
**081-2873330**

## گلگت زون

نزد کوہستان آئل کمپنی
ائیر پورٹ روڈ کشروٹ، گلگت
**05811-453209**

## مرکزی دفتر

**G-36- بلاک B نارتھ ناظم آباد کراچی، فون:021-36677321/36677322**